© rasailojaraid.com



اس کتاب میں مرتب نے نکاحِ شغار کی حرمت اور بٹہ مروجہ کی حلّت، فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم، اجماعِ صحابہؓ و تابعینؒ اور جید علمائے کرام اور محدثین عظام کے فتاویٰ اور فیصلوں کی روشنی میں ثابت کی ہے اور محققانہ بحث سے "نکاح شغار" اور "بٹہ" میں فرق کو واضح کیا ہے۔ طالبانِ حق کے لئے اس کا مطالعہ بیحد مفید رہے گا۔

---

نام کتاب . . . سنت خیر الانام در رسہ و تر بیک قعدہ و سلام

ناشر . . . فضل حق ہاشمی السلفی

ضخامت . . . ۷۵ صفحات

قیمت . . . ایک روپیہ

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وتروں کی نماز کس طرح ادا فرمائی، اس رسالہ کا موضوع ہے۔ شروع کے تقریباً چھ صفحات میں مولانا عطا محمد صاحب حنفی کے وتروں کے متعلق دو فتوے ہیں۔ اس کے بعد کے سات صفحات میں حافظ محمد صاحب گوندلوی نے اس سلسلہ میں مسلک اہلحدیث پر روشنی ڈالی ہے۔ ص۱۹ سے ص۲۸ تک مسلک اہلحدیث پر مولانا عطا محمد صاحب کی تنقید ہے اور پھر ص۲۹ سے ص۷۵ تک محترم حافظ صاحب کی طرف سے جوابِ تنقید اور وضاحتی مضمون ہے، جو پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے۔

محبانِ سنتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہ رسالہ ایک تحفہ کی حیثیت رکھتا ہے۔

---

رہنمائے وراثت مع جدول

ترتیب و تدوین . . . مولانا ابو السلام محمد صدیق صاحب

ناشر . . . ادارہ احیائے السنۃ النبویہ، ڈی بلاک سٹلائٹ ٹاؤن

وراثت کی تقسیم کا مسئلہ جہاں بیحد اہم ہے وہاں عامۃ المسلمین کے لئے اس کے دقیق ہونے میں بھی کوئی شبہ نہیں۔ ضرورت تھی کہ علم میراث کو کسی ایسے انداز سے پیش کیا جاتا جس کی بنا پر کم پڑھے لکھے اردو دان حضرات بھی مسائل ضروریہ کا حل بآسانی نکال سکتے مولانا ابو السلام محمد صدیق صاحب نے اس ضرورت کو بحمد اللہ بخوبی اور بطریق احسن پورا

© rasailojaraid.com